# Assignment (اظہار وجوہ/توشجہ)

برائے جماعت: ہشتم (U1-U2) برائے سال 2019-2020

سوال ۱: نظم کی صفت 'حمد' کو پڑھ کر بند مکمل کیجئے:

۱۔ وہ راستہ دکھا تو پروردِگارِ عالم

______

______

اور نام جن کا اب تک ہے یادگارِ عالم

سوال ۲: درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھئے:

لل دید کو مسلمان للہ عارفہ اور ہندو لل ایشوری کے ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ انہوں خاصی لمبی عمر پا کر بیج بہاڑہ کے مقام پر وفات پائی۔ کشمیر کے لوگ جب کسی خاتون کی شرافت، پاکبازی، صبر و تحمل اور دیانت داری سے متاثر ہوتے ہیں۔ تو اُس سے لل دید کے نام سے تشبیہ دیتے ہیں یوں اس خاتون کی عظمت آج بھی لوگوں کے دلوں میں گھر لئے ہوئے ہے۔

۱۔ ہندو لل دید کو کس نام سے یاد کرتے ہیں؟ ۲۔ لل دید کی وفات مقام کا نام لکھئے؟

۳۔ اگر کشمیر میں کوئی نیک سیرت عورت ہوتی ہے تو اس کو کس سے تشبیہ دی جاتی ہے؟

سوال ۳: درجہ ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے:

مِس خام کو جس نے کُندن بنایا کھرا اور کھوٹا الگ کر دیکھایا

عرب جس پر کونوں سے تھا جہل چھایا پلٹ دی بس اک آن میں اُس کی آیا

سوال ۴: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر کم سے کم بیس جُملے لکھئے۔

میرا بہترین اُستاد کرونا وائرس کمپیوٹر کی اہمیت

سوال ۵: اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام اسکول میں صاف پانی کی فراہمی کے لئے درخواست لکھئے۔

(یا)

دلی میں مقیم اپنے دوست کو کرونا وائرس سے احتیاط برتنے کی تلقین کیجئے۔

سوال ۶: ۱۔ درج ذیل جملوں میں سے صفت، فعل اور ضمیر تلاش کیجئے:

کوا کالا ہے اکبر اچھا کھیلتا ہے وہ ہمیشہ اسکول آتا ہے ہم وقت پر نماز پڑھتے ہیں

۲۔ درج ذیل لفظوں کے تزکیر تانیث لکھئے:

کُتا شیر مورنی سعید حجام چابی

۳۔ واحد کے جمع لکھئے: امیر ادیب شہید عالم شاعر

۴۔ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کریں۔

باغ باغ ہونا آنکھوں کا تارا آٹے میں نمک کے برابر آستین کا سانپ

# Assignment(اظہار وجوہ/توجہ)

برائے جماعت: چہارم(U1-U2)　　　　برائے سال2019-2020

سوال ۱: دیے گئے اشعار کو اِشاروں کی مدد سے مکمل کیجیے:

۱۔ ہر چیز سے ہے ______ حکمت ______ نرالی۔　　(تری/ظاہر)

۲۔ پتوں میں تیری سبزی ______ میں تیری لالی۔　　(گلاب/پھولوں)

۳۔ اونچے پہاڑ ______ ہیں۔　　(خاموش/چپ)

سوال ۲: دیے گئے اقتباس کے آخر میں سوالوں کے جوابات لکھیے:

حیران ہونے کی ضرورت نہیں جب یہ لکڑیاں ایک ساتھ بندھی ہوئی تھیں تو یہ مظبوط گھٹا توڑ ڈالنا کس کی طاقت نہیں تھیں اور یہ سات حصوں میں بٹ گئی تو آسانی کے ساتھ ٹوٹ گئی۔

۱۔ حیران ہونے کی ضرورت نہیں یہ الفاظ کس نے کہا؟　　(بیٹا/باپ)

۲۔ کیا گٹھا کس نے توڑا؟ ہاں یا نہیں میں جواب دو۔

۳۔ لکڑیاں الگ الگ کر کے توڑنا آسان تھا یا مشکل۔

سوال ۳: خالی جگہیں پُر کیجیے:

۱۔ باپ کے ______ بیٹے۔　　(پانچ، چار، سات)

۲۔ ساتوں بیٹے آپس میں ______ جھگڑتے رہتے تھے۔　　(کھیلتے/لڑتے)

۳۔ اتفاق میں ______ ہے۔　　(کمزوری/طاقت)

سوال ۴: لوگ ہم پر ظلم کرتے ہیں یہ ______ کی فریاد ہے۔　　(رخت/حامد)

میرے دوست اب تمہیں کوئی نہیں کاٹے گا یہ الفاظ ______ نے کہے۔

مثال دے کر متضاد الفاظ لکھیے:　　زیادہ = کم

چھوٹا　سفید　صبح　زمین

سوال ۵: ذیل الفاظ کے مونث لکھیے۔ جیسے فرد = عورت

باپ　چچا　کتا　بیل

سوال ۶: واحد کے جمع لکھیے: جیسے لڑکی = لکڑیاں

کتاب　مکان　کرسی

# (اظہار وجوہ/توجہ)Assignment

برائے جماعت:اول(U1-U2)　　　　برائے سال2019-2020


سوال۱: حروف تہجی کو مکمل کریں:

ا،ب،پ،______ٹ______ج______ح______د ڈ______

ر ڑ ز______س______ص______ ______ ______ ع ______

ق ک ______ ______ ______ م ______ ______ ہ ______ ی______


سوال۲: شکل کو دیکھ کر حرف کی مدد سے نام لکھئے:




______________



______________



______________



______________



______________

## Assignment(اظہار وجوہ/توجہ)

برائے جماعت: دوم(U1-U2)                    برائے سال2019-2020

سوال۱: ملا کر لکھئے:

| | |
|---|---|
| ا ن ا ڑ | |
| ج گ | |
| م و ر | |
| ق ل م | |
| ن ل | |

سوال۲: ملا کر لفظوں کے الگ الگ حروف لکھئے۔

| | |
|---|---|
| درخت | |
| جال | |
| کتاب | |
| سیب | |
| کبوتر | |

سوال۳: (اَ) کا استعمال کریں۔ جیسے اَب دَر رس دس بدن گرد

سوال۴: (اِ) زیر لگایئے۔ جیسے دِل دن دق نب ملا

سوال۵: الف کی مدد سے (ب) سے (ث) تک دو حرفی لفظ بنایئے جیسے 'با'

______ ______ ______ ثا

سوال۶: چار پھلوں کے نام۔ جیسے سیب

______ ______ ______ ______

سوال۷: چار سبزیوں کے نام لکھئے۔ جیسے ٹماٹر

______ ______ ______ ______

# Assignment (اظہار وجوہ/توجہ)

برائے جماعت: سوم (U1-U2) برائے سال 2019-2020

سوال ۱: دیئے گئے اشعار کو اِشاروں کی مدد سے مکمل کریں۔

۱۔ اے ساری _______ کے مالک

_______ اور _______ کے مالک (راجا۔ پرچا/ دُنیا)

۲۔ ہر دل میں ہے _______ بسیرا

تو پاس ہے اور _______ اور ہے تیرا۔ (بسیرا/ گھر)

سوال ۲: دیئے گئے سبق کی مدد سے سوالوں کے جواب لکھئے:

ہم چنار کی چھاؤں میں بیٹھ کر دھوپ اور گرمی میں بچتے رہیں۔ چناروں سے ہمارے باغوں کی رونق بڑھ گئی ہے۔ ہماری سڑکیں سایہ دار بن گئی۔ میں سیاحوں کے لئے اس درخت میں بری کشش ہے چنار ہوا کو صاف رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس سے ماحول پر اچھا اثر پڑتا ہے۔

۱۔ ہم چناروں کی چھاؤں میں بیٹھ کر کس چیز سے بچتے ہیں؟ (دھوپ اور گرمی/ سردی)

۲۔ چناروں سے ہمارے باغوں کی _____ برھ جاتی ہے۔ (رونق/ نفاست)

۳۔ چنار ہوا کو صاف رکھنے میں _______ کرتے ہیں۔ (مدد/ حفاظت)

سوال ۳: 'الف' اور 'ب' کو ملا کر دُرست جملے بنائیے۔

| | |
|---|---|
| حلیمہ سعدیہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو | دادا تھے۔ |
| عبدالمطلب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے | والدہ تھیں۔ |
| بی بی آمنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو | چچا تھے۔ |
| ابو طالب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے | دودھ پلایا۔ |

سوال ۴: مثال دے کر مزکر کے مونث لکھئے: جیسے باپ = ماں

چاچا دادا نانا ماما

سوال ۵: واحد کے جمع لکھئے:

مرغا کاپی دُکان کُتا

# Assignment(اظہار وجوہ/توجہ)

برائے جماعت: پانچویں(U1-U2)　　پرچہ: اُردو　　برائے سال2019-2020

سوال۱: اشعار کو مکمل کیجئے:

ہو مرے دم سے یونہی________

جس طرح________

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب

علم کی________

نیک جو راہ________

سوال۲: اقتباسات کو پڑھ کر سوالات کا جواب لکھئے:

الف۔ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بڑے گھرانے کی ایک خاتون کا معاملہ پیش ہوا۔ اس خاتون پر چوری کا الزام، جُرم ثابت ہوا تھا۔ کچھ لوگ چاہتے تھے کہ خاتون کے خاندان کا لحاظ کر کے اس کے ساتھ رعایت برتی جائے اور اس سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سفارش کی جائے۔ لیکن کسی میں ہمت نہیں تھی آخر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک نوجوان چہیتے صحابی رضی اللہ عنہ امام بن زید رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور حاضر خدمت ہونے کا مدعا بیان کیا۔

ب۔ انٹرنیٹ دنیا کا سب سے بڑا کمپیوٹر نیٹ ورک ہے جس سے دنیا میں کروڑوں افراد براہ راست آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ انٹرنیٹ سے آپ چند منٹوں میں اس مواصلاتی نظام کے ذریعے کسی بھی ایسے نظام سے جڑا سکتے ہیں۔ اگر آپ وہائٹ ہاوس کی سیر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو امریکہ جانے کی ضرورت نہیں ہے یہ سب آپ انٹرنیٹ کے ذریعے سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ج۔ چغل خوری سخت عیب ہے اس سے لوگوں کو ناحق تکلیف ہے۔ جب چغل خور کی قلعی کھل جاتی ہے تو اس کو ندامت اٹھانی پڑتی ہے۔

سوالات:

۱۔ خاتون پر کون سا جرم ثابت ہوا تھا:

۲۔ لوگ خاتون کے ساتھ کیوں نرمی برتنا چاہتے تھے؟

۳۔ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کیوں حاضر ہوئے؟

۴۔ دنیا کے سب سے بڑے کمپیوٹر نیٹ ورک کا نام بتایئے؟

۵۔ انٹرنیٹ کے ذریعے آپ دوسروں سے کیسے رابطہ کر سکتے ہوں؟

۶۔ انٹرنیٹ کے ذریعے آپ کیا کیا کر سکتے ہیں؟

۷۔ چغل خوری کے کیا کیا نقصانات ہیں،

سوال۳: مثال دیکھ کر واحد سے جمع بنائے۔ مثلا: امیر = امراء

غریب ادیب جاہل

سوال۴: تذکیر و تانیث لکھئے:

لڑکا استاد بکرا بیل والد بہن

سوال۵: ضد لکھئے:

آسمان اچھائی حق سچ زمین

سوال۶: تعریف کیجئے:

اسم فعل اسم صفت اسم مکبر

سوال۷: اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام ایک دن کی رخصت کے لئے درخواست لکھئے۔

سوال۸: درجہ ذیل عنوانات پر پانچ پانچ جملے لکھئے:

مرغا قلم گھوڑا میرا اسکول ماں

# Assignment(اظہار وجوہ/توجہ)

برائے جماعت: ششم(1-U2) پرچہ: اُردو برائے سال 2020-2019

سوال۱: درج ذیل اشعار کو مکمل کیجئے:

خدایا جس طرح ____________

اپنی جیسی ____________

مجھے ایمان کی دولت ____________

خُدایا عزت و ____________

تری ہی راہ پر ____________

اگر کچھ ہے تمنا ____________

مرے جینے کا ____________

سوال۲: درج ذیل اقتباسات پڑھ کر سوالوں کا جواب لکھئے۔

الف۔ جنگل کی اہمیت اور آفادیت سے کسی کو بھی انکار نہیں ہوسکتا۔ پیڑ پودے ہماری زندگی کے لئے نہایت ضروری ہیں۔ زندگی کی اہم ضروریات مثلاً خوراک، پانی اور ہوا کا جنگلات سے گہرا تعلق ہے۔ درخت تازہ ہوا مہیا کرتے ہیں اور ماحول کو آلودگی سے بچاتے ہیں۔ ہمارے جنگلوں میں شیر، ہرن، ریچھ اور برفانی لومڑی وغیرہ پائے جاتے ہیں۔

ب۔ مہجور کا پورا نام پیرزادہ غلام احمد تھا۔ وہ ۱۱ر اگست ۱۸۸۷ء میں پلوامہ میں پیدا ہوئے۔ مہجور کو اپنے وطن کشمیر سے بڑی محبت تھی۔ انہوں نے اپنی شاعری میں کشمیر کے باغوں، پھولوں، چشموں وغیرہ کی بہت تعریف کی ہے۔ مہجور پٹواری تھے اور انہوں نے ''پٹواری'' کے نام سے ایک چھوٹی سی کتاب لکھی۔

ج۔ انسان کو اس کی عادتوں سے پہچانا جاتا ہے۔ انسان کی عمر جتنی زیادہ ہوتی ہے اتنی ہی اس کی عادیں پختہ ہوتی جاتی ہے۔ آج جو عادت آپ میں پڑھ جائے گی وہ ساری زندگی آپ کیساتھ رہے گی۔ اچھی عادتوں سے فائدہ ہوتے ہیں اور بری عادتوں سے نقصان۔ دیر سے جاگنے کی بُری عادت سے بچے اپنی صفائی کی طرف بھی پوری دھیان نہیں دیتے۔

سوالات:

۱۔ جنگلات کا ہماری زندگی سے کیا تعلق ہے؟

۲۔ درختوں سے انسان کو کیا حاصل ہوتا ہے؟

۳۔ ہمارے جنگلوں میں کون کون سے جانور پائے جاتے ہیں؟

۴۔ مہجور کا پورا نام بتائے اور وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

۵۔ انہوں نے اپنی شاعری میں کن چیزوں کا ذکر کیا ہے اور ان کی کسی ایک کتاب کا نام لکھئے۔

۶۔ انسان کو کیسے پہچانا جاتا ہے؟

۷۔ دیر سے جاگنے کے کیا نقصانات ہیں؟

سوال۳: درج ذیل الفاظ میں اسم علم اور اسم صفت تلاش کیجئے؟

سرینگر خوبصورت ظالم خانقاہ معلیٰ غالب موذی بادشاہ

سوال۴: دیئے گئے الفاظ میں سے تین کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

کتاب مکان آسمان لڑکا قلم

سوال۵: دئے گئے الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کا واحد یا جمع واضح ہو جائے۔

اوراق حکام قسط کتاب کاغذ

سوال۶: دئے گئے الفاظ کی ضد لکھئے:

روشن زندگی مہک عزت گندگی کامیاب حاضر

سوال۷: اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں فیس معاف کرنے کی گذارش ہو۔

سوال۸: درج ذیل عنوانات پر دس دس جملے لکھئے ء

میرا اسکول ماں قلم میرا وطن وائرل بیماری

سوال۹: درج ذیل کی تعریف کیجئے:

اسم صفت اسم علم اسم نکرہ

# Assignment(اظہار وجوہ/توجہ)

برائے جماعت: ہفتم پرچہ: اُردو برائے سال 2019-2020

سوال ا: مندرجہ ذیل اقتباس پڑھکر سوالات کے جوابات لکھئے:

ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن سعنہ سے ۸۰ مثقال سُونا اس شرط پر لے کر ایک بدوی کو دیدیا کہ وہ مقررہ وقت پر اُس کے بدلے میں کھجوریں دے دیں گے۔ ابھی مقررہ وقت میں دو تین دن باقی رہ گئے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے کی نماز پڑھا کر اپنے رفیقوں کے ساتھ ایک دیوار کے پاس تشریف رکھے تھے۔ زید نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کُرتے اور چادر کے پلوؤں کو کھینچتے ہوئے نہایت بدمزاجی اور سختی سے قرضہ ادا کرنے کو کہا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ''خُدا کے دشمن، کیا بکتا ہے۔ خُدا کی قسم مجھے (حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے) اندیشہ نہ ہوتا تو تیری گردن اُڑا دیتا'' پیکرِ اخلاق، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ کو سمجھایا۔ ''ایسے موقع پر تمہیں چاہئے تھا کہ ایک طرف مجھے حسن وخوبی سے اس کا قرض ادا کرنے کو کہتے اور دوسری طرف اس شخص کو بہتر طریقے سے تقاضا کرنے کی نصیحت کرتے''۔ پھر فرمایا ''جاؤ جا کر حساب کردو اور ڈانٹنے کے بدلے میں بیس صاع کھجوریں زیادہ دے دو''۔

سوالات:

ا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے کی نماز پڑھا کر کس کے ساتھ ایک دیوار کے پاس تشریف رکھے ہوئے تھے؟

۲۔ زید بن سعنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا قرضہ مانگتے ہوئے کس طرح پیش آیا؟

۳۔ ایک صاع کتنے تولے کا ہوتا ہے؟

۴۔ اقتباس میں ''پیکرِ اخلاق'' آیا جو دو لفظوں کا بنا ہوا ہے اس طرح کے جوڑ کو کیا کہتے ہے؟

۵۔ الفاظ کے معنی لکھئے:

بَدوی رفیق بدمزاجی اندیشہ تقاضا

سوال ۲: مندرجہ ذیل اقتباس پڑھکر سوالات کے جوابات لکھئے:

بھلے آدمی سادہ مزاج رکھتے ہیں اُور جو کچھ خُدا نے دیا ہے اُس پر راضی رہتے ہیں۔ دُنیا کی خواہشوں سے آزاد ہوتے ہیں۔ ہر حال میں خوش رہتے ہیں اور فیاضی کے لئے مشہور ہوتے ہیں۔ سب کے ساتھ محبت اُور شفقت سے پیش آتے ہیں۔ کسی سے دُشمنی نہیں رکھتے۔ حرص اور لالچ کی اُفن کو ہوا نہیں لگتی۔ بغض اور حسد کا اُن پر سایہ نہیں پڑتا۔ وہ غریبوں پر مہربانی کرتے ہیں۔ اپنی تعظیم کی پرواہ نہیں کرتیں مگر اوروں کی تعظیم کرتے ہیں۔ کسی سے ایسی بات نہیں کہتے، جو اُس کو بُری معلوم ہو۔ وہ اپنے قول کے سچے ہوتے ہیں۔ ان کو خُدا پرستی اور انسان کے ساتھ بھلائی کرنے کی تو لگی ہوتی ہے۔ بلاشُبہ ایسے ہی آدمی کو خُدا رسیدہ کہنا چاہئے۔

سوالات:

ا۔ بھلے آدمی کیسے ہوتے ہیں؟

۲۔ بُرے لوگوں کی کیا پہچان بتائی گئیں ہے؟

۳۔ الفاظوں کے معنی لکھیے:

شفقت حِرص حسد تعظیم خُدا پرست

۴۔ الفاظوں کی ضد لکھیے:

راضی آزاد خوش فیاضی بھلائی

۵۔ ہٰذا اقتباق کس نثر سے لیا گیا ہے؟

سوال۳: سلام اُس پر کہ جس کے گھر میں چاندی تھی نہ سونا تھا
سلام اُس پر کہ ٹوٹا بوریا جس کا بچھونا تھا
سلام اُس پر کہ جو ٹوٹے حُجرے میں رہتا تھا
سلام اُس پر کہ جو ہر وقت سچی بات کہتا تھا
سلام اُس پر کہ مشکیں کھول دیں جس نے اسیروں کی
سلام اُس پر جو سچائی کی خاطر دُکھ اُٹھاتا تھا
سلام اُس پر جو بھوکا رہ کے اوروں کو کھلاتا تھا

سوالات

۱۔ ہٰذا اشعار کی تشریح کیجیے؟

۲۔ یہ اشعار کس نظم سے لئے گئے ہیں؟

۳۔ لفظوں کے معنی لکھیے: حُجرہ بچھونا ٹوٹا بوریا مشکیں کھولنا اسیر

۴۔ خالی جگہوں کو اُن الفاظوں سے پُر کیجیے جو نظم ،نعت، میں استعمال ہوتے ہیں:

سلام اُس پر کہ جس نے ________ کی دستگیری کی
سلام اُس پر کہ جس نے ________ میں فقیری کی
سلام اُس پر کہ جس کی سادگی درسِ ________ ہے
سلام اُس پر کہ جس کی ذات فخرِ ________ ہے

سوال۴: نعت کسے کہتے ہیں؟